SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

February 15, 2018

***For immediate release***

## ایس ای سی پی کے زیرِاہتمام کمپنی رجسٹریشن پر سیمینار

اسلام آباد، ۱۵فروری: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان نے کارپوریٹائزیشن کی مہم کے سلسلے میں "کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ کے تحت کمپنیوں کی تشکیل" کے موضوع پر لاہور میں ایک آگہی سیمینار کا انعقاد کیا۔ سمینار لاہور ٹیکس بار کے تعاون سے منعقد کیا گیا۔

وکلاء، اکاؤنٹنٹس اور کاروباری ماہرین کی بڑی تعداد نے اس سیمینار میں شرکت کی۔ ایس ای سی پی کے کمپنی رجسٹریشن دفتر لاہور سے ایڈیشنل ڈائریکٹر لیاقت دولانے کارپوریٹائزیشن اور کارپوریٹ کمپلائنس کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے اس سلسلے میں ایس ای سی پی کی جانب سے کارپوریٹائزیشن کے فروغ اور کارپوریٹ کمپلائنس کی مد میں کئے جانے والے اقدامات کے بارے میں شرکاء کو بتایا۔ انہوں نے کہا کہ ایس ای سی پی کی جانب سے فراہم کی جانے والے خدمات کو مزید کار گزار بنانے کے لئے شرکاء اپنی قیمتی آراء سے آگاہ کریں۔ ایڈیشنل رجسٹرار شہباز سرور نے ای انکارپوریشن، کمپنیز (انکارپوریشن) ضوابط ۲۰۱۷ اور کمپنیز ایکٹ کے متعلقہ احکامات پر مختصراً روشنی ڈالی۔

لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے صدر چوہدری قمرالزمان نے کارپوریٹ سیکٹر کے فروغ کے لئے ایس ای سی پی کے اقدامات کی تعریف کی اور ایسے آگہی سیمینار باقاعدگی سے منعقد کئے جانے کی اہمیت پر زور دیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل رجسٹرار لیاقت دولانے کارپوریٹ سیکٹر کے اعلیٰ ترین ریگولیٹر کی حیثیت سے، ایس ای سی پی نے ہمیشہ پیشہ ورانہ اور تجارتی انجمنوں کے ساتھ روابط برقرار رکھے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار بھی کیا کہ دیگر پیشہ ورانہ اور تجارتی تنظیموں کے تعاون سے ایسے مزید سیمینار اور ورکشاپوں کا انعقاد کیا جائے گا۔

سیمینار کے آخر میں سوال وجواب کی نشست کے دوران شرکا نے اپنی قیمتی آراء بھی ایس ای سی پی کے گوش گزار کیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005